

# آپ کے بچے کو بول چال میں معاونت کی ضرورت ہے

**ابتدائی معاونت میں اپنے بچے کا اندراج 6 مہینے کی عمر تک کرا لیں۔**

- اگر آپ کا بچہ سماعت سے محروم ہے یا سننے میں مشکلات کا سامنا کرتا ہے، تو آپ کا مقامی محکمہ صحت آپ کے خاندان کی مدد کے لیے آپ کو مفت خدمات سے مربوط کر سکتا ہے۔ نیویارک ریاست محکمہ صحت (New York State Department of Health, NYSDOH) کے ابتدائی معاونت کا پروگرام (Early Intervention Program) آپ کے بچے کی زبان کی ابتدائی نشوونما میں معاونت کے لیے خصوصی خدمات پیش کرتا ہے۔
- آپ جتنا جلدی ابتدائی معاونت کی خدمات شروع کریں گے، اتنا ہی زیادہ امکان ہے کہ آپ کا بچہ اپنی عمر کے مطابق اپنی گفت و شنید کی مہارتوں کو فروغ دے سکے گا۔
- آپ کا ماہر سماعت (سماعت کی نگہداشت کا ماہر)، ماہر اطفال یا نگہداشتِ صحت کا کوئی اور فراہم کنندہ آپ کو اپنی کاؤنٹی یا بورو میں موجود ابتدائی معاونت کی خدمات سے منسلک کرنے میں مدد فراہم کر سکتا ہے۔
- آپ NYSDOH کے بیورو آف ارلی انٹروینشن (Bureau of Early Intervention) سے بھی درج ذیل پر رابطہ کر سکتے ہیں:
  - فون: **(518) 473-7016**
  - ای میل: **beipub@health.ny.gov**

**جب آپ ابتدائی معاونت کے پروگرام سے رابطہ کریں، تو براہ کرم درج ذیل معلومات کو شیئر کرنے کے لیے تیار رہیں:**

آپ کے بچے کا نام ____________________

آپ کے بچے کی تاریخ پیدائش ____________________

والدین/نگہداشت کنندہ کا نام ____________________

والدین/نگہداشت کنندہ کا پتہ ____________________

والدین/نگہداشت کنندہ کا فون نمبر ____________________

والدین/نگہداشت کنندہ کا ای میل ____________________

ماہر سماعت کا نام ____________________

ماہر سماعت کا فون نمبر ____________________

ماہر سماعت کا ای میل ____________________

## آگے کیا ہو گا؟

- ابتدائی معاونت کا کوئی فرد آپ سے رابطہ کرے گا تاکہ ایک جائزے کا اہتمام کیا جا سکے۔
- یہ اہم ہے کہ والد/والدہ یا نگہداشت کنندہ بھی اس جائزے میں حصہ لیں۔
- اگر آپ کے ساتھ ایک ہفتے تک یا اس کے بعد بھی ابتدائی معاونت کی سروسز کی جانب سے رابطہ نہیں کیا جاتا، تو براہ کرم NYSDOH کے بیورو آف ارلی انٹروینشن سے رابطہ کریں۔

مزید معلومات کے لیے: **health.ny.gov/EHDI**

NEW YORK STATE | Department of Health

21548 (Urdu)

11/24